© rasailojaraid.com

## (۲)

نام کتاب : قرآنی سورتوں کا نظمِ جلی
مصنف : خلیل الرحمٰن چشتی

ضخامت : بڑے سائز کے ۶۸۷ صفحات قیمت: 700 روپے
ملنے کا پتے: ☆خلیل الرحمٰن چشتی E-11/4 اسلام آباد۔☆ادارہ منشورات اسلامی۔ بالمقابل منصورہ، ملتان روڈ، لاہور

خلیل الرحمٰن چشتی ان اہلِ علم حضرات میں سے ہیں جنہیں قرآن و حدیث کی تفہیم کے سلسلہ میں حظ وافر عطا ہوا ہے۔ وہ چند بیش قیمت کتابوں کے مصنف ہیں، جن میں قواعد زبانِ قرآن، حدیث کی اہمیت اور ضرورت اور درس قرآن کی تیاری کیسے؟ خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔ ان کی تمام تصانیف کا مرکز و محور بس فہمِ قرآن ہے۔ اور اس کی ضرورت بھی ہے کہ ہر مسلمان اپنے اوقات کا کچھ حصہ ضرور قرآن و حدیث کی تفہیم میں لگائے تا کہ اسے منشائے خداوندی سے آگاہی ہو۔ قرآن و حدیث کی تعلیمات سمجھنے کے لیے عربی کا جاننا اشد ضروری ہے۔ چنانچہ اس سلسلہ میں ان کی کتاب ''قواعد زبانِ قرآن'' میرے علم کی حد تک اس وقت مفید ترین کتابوں میں سے ایک ہے، جس میں قرآن کی عربی کا فہم حاصل کرنے کے لیے ہر چیز بہترین انداز میں موجود ہے۔

''قرآنی سورتوں کا نظمِ جلی''، چشتی صاحب کی تازہ ترین تصنیف ہے جو ان کی سالہا سال کی محنت کا نتیجہ ہے۔ قرآن فہمی میں سہولت پیدا کرنے میں یہ نادر کتاب ہے۔ اس میں ہر سورت کا زمانہ نزول بتایا گیا ہے، جس سے قاری کے سامنے وہ ماحول اور حالات آجاتے ہیں جن میں وہ آیات نازل ہوئیں۔ اُس وقت کے حالات سامنے ہوں تو آیات کا مطلب سمجھنے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ پھر ہر سورت کا اگلی اور پچھلی سورت سے ربط بیان کیا گیا ہے۔ سورتوں کے درمیان اس ربط کا علم بھی تفہیم آیات میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ ہر سورت کے اہم اور کلیدی مضامین کا خلاصہ بھی درج کر دیا گیا ہے۔ نیز سورت کے مضامین کا تجزیہ بڑی محنت اور کوشش سے پیراگراف بنا کر پیش کیا گیا ہے۔ اس نادر کتاب کے پڑھنے سے یہ بات واضح ہو کر سامنے آجاتی ہے کہ محض ترجمے کی مدد سے قرآن کا گہرا فہم حاصل کرنا ممکن نہیں۔ مصنف نے اس کتاب کے ذریعے اللہ کے کلام کو سمجھنے کا طریقہ بھی تجویز کر دیا ہے، جس کا خلاصہ یہ ہے کہ قاری دورانِ تلاوت اہم الفاظ کو نشان زد کر لے، مرکزی آیات کو high light کر لے، حاشیہ میں سورت کے ہر پیراگراف کا ذیلی عنوان اور موضوع لکھ لے اور پھر اس سورت کو بار بار پڑھے۔ اس طرح پڑھنے سے قاری خود محسوس کر لے گا کہ اسے فہمِ قرآن کے ساتھ ضروری اور خصوصی نسبت حاصل ہو گئی ہے۔

مصنف نے بڑی محنت کے ساتھ تفہیمِ آیات کو آسان بنانے کے لیے خاکے تیار کیے ہیں جن میں ہر سورت کے پیراگرافس کی تفصیل، مرکزی مضمون اور خلاصہ درج کر دیا گیا ہے۔ الغرض قرآن فہمی کے لیے مصنف کی یہ کوشش انتہائی قابلِ قدر اور مفید ہے۔ قرآن مجید کی تفہیم کا ذوق رکھنے والوں کے لیے یہ نادر تحفہ ہے۔

❁❁❁



© rasailojaraid.com